"مسلمانوں کی خاص تعلیمی مشکلات" خاص طور پر مفید۔ پُرازمعلومات اور ولولہ آفریں ہیں یہ ماہنامہ جمعیۃ الفلاح کا آرگن ہے اس بنا پر اس کی ہر اشاعت میں جمعیۃ کی سرگرمیوں اور اسلام کی تبلیغ واشاعت کے سلسلہ میں اس کی کوششوں کا بھی تذکرہ ہوتا ہے تعداد صفحات ۸۰ قیمت سالانہ دس روپیہ پاکستان میں اور بیرونی ممالک میں ایک پونڈ دس شلنگ پتہ :۔ اے۔ ایم نمبر ۲۰ کراچی۔

طبقاتِ ناصری | تقطیع متوسط کتابت وطباعت بہتر۔ ضخامت ۲۳۰ صفحات قیمت تین روپیہ بارہ آنہ پتہ :۔ کتاب خانہ نورس۔ کبیر اسٹریٹ۔ اردو بازار لاہور

طبقاتِ ناصری جو سلطان ناصرالدین محمود بن سلطان شمس الدین التمش کے عہد میں ۶۵۸ھ میں مولانا منہاج سراج کے قلم سے مکمل ہوئی تھی اسلامی ہند کے ابتدائی عہد کی مشہور و مستند تاریخی کتاب ہے، جس میں اس سال تک کے عالمِ اسلام کے تمام اہم واقعات کا تذکرہ ہے یہ کتاب تیئیس ۲۳ طبقات پر مشتمل ہے جن میں سے ہر طبقہ میں ہر حکمران خاندان کے حالات الگ الگ بیان کئے گئے ہیں، یہ کتاب سب سے پہلی بار بنگال ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ نے ۱۸۶۴ء میں شائع کی تھی لیکن ایک مدت سے یہ مطبوعہ نسخہ ناپید ہے اس بنا پر ہمارے فاضل دوست ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی نے اس کتاب کے پانچ طبقات جن کا تعلق ہند اور پاکستان کی تاریخ سے ہے ان کو آج کل کے طریقہ کے مطابق اڈٹ کر کے شائع کیا ہے موصوف نے شروع میں ایک مختصر مقدمہ لکھا ہے جس میں مولانا منہاج سراج کے حالات ہیں اور آخر میں اعلام و امکنہ کی فہرستیں دی ہیں اس کے علاوہ متن کتاب میں جابجا حواشی کے ذریعہ مختلف الفاظ کی تصحیح یا تشریح کی ہے امید ہے کہ اربابِ علم و ذوق اس کتاب کی قدر کر کے لائق مرتب کی محنت وسعی کی داد دیں گے۔

آہنگ | از جناب مجاز۔ کتابت وطباعت اور کاغذ اعلیٰ ضخامت ۲۱۶ صفحات قیمت مجلد للعہ، چار روپیہ آٹھ آنہ پتہ :۔ آزاد کتاب گھر کلاں محل۔ دہلی

جناب مجاز اردو کے ان ترقی پسند شاعروں میں ہیں جن کو پرانے جام میں بادۂ نو کو پیش کرنے کا بہت عمدہ سلیقہ ہے اور جن کا کلام "ادب برائے زندگی" کا مظہر ہونے کے ساتھ ساتھ "زندگی برائے ادب" کا بھی ترجمان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا کلام بزم اور رزم دونوں موقعوں پر پڑھا جا سکتا ہے